**27-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

----------------------------------

Music

----------------------------------

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے اپنے خطاب کے دوران حکومت کی ترجیحات کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ گاؤں میں زرعی، ڈیری اور ماہی گیری پر مبنی صنعتوں کی توسیع ہو رہی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ نے یقین دلایا کہ حکومت مشرق کیلئے عمل آوری کی اپنی پالیسی کے تحت شمال مشرقی خطے کو ایک کلیدی گیٹ وے بنانے کیلئے کام کر رہی ہے۔

☆ CBI نے NEET-UG امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ جنوب مغربی مانسون گجرات میں شمالی بحرِ عرب کے باقی حصوں اور راجستھان، اترپردیش اور مدھیہ پردیش کی جانب مزید پیشرفت کر گیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں گوانا میں مردوں کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کے دوسرے سیمی فائنل میں بھارت اور انگلینڈ کے مقابلہ بارش کی وجہ سے تاخیر سے شروع ہوگا۔

----------------------------------

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**PRESIDENT ADDRESS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے اپنے خطاب کے دوران حکومت کی ترجیحات کو اجاگر کیا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ گاؤں میں زرعی، ڈیری اور ماہی گیری پر مبنی صنعتوں کی توسیع کی جارہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ چھوٹے کسانوں سے وابستہ ایک بڑا مسئلہ ذخیرہ اندوزی کا ہے اور مرکز نے ایک اسکیم پر کام شروع کیا ہے جس کے تحت وہ امدادِ باہمی کے شعبے میں دنیا کی سب سے بڑی ذخیرہ اندوزی کی سہولت قائم کرے گا۔

S/B 2100 Prez Agri

تقریباً ایک گھنٹے طویل اپنے خطاب میں صدر مرمو نے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے سرکاری اسکیموں کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے بتایا کہ وزیر اعظم گرام سڑک یوجنا کے تحت پچھلے 10 برس میں گاؤں میں تین لاکھ 80 ہزار کلو میٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں۔

شمال مشرقی ریاستوں کی ترقی کے معاملے پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت مشرق کیلئے عمل آوری کی اپنی پالیسی کے تحت اِس خطے کو ایک کلیدی گیٹ وے بنانے کے سلسلے میں کام کر رہی ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ آسام میں 27 ہزار کروڑ روپئے کی لاگت سے سیمی کنڈ یکٹر کا ایک پلانٹ قائم کیا جارہا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ شمال مشرق بھارت میں بنی Chips کا ایک بڑا مرکز بھی بن جائے گا۔ صدر موصوف نے اپنا مشاہدہ ظاہر کیا کہ مرکز خطے میں دیرپا امن قائم کرنے کیلئے کام کر رہا ہے اور پچھلے 10 برسوں میں اِس علاقے سے متعلق کئی مسائل کو نمٹا دیا گیا ہے۔

S/B 2100 Prez North East

اپنے خطاب میں صدر نے کہا کہ جموں وکشمیر نے بھارت کے دشمنوں کو مناسب جواب دیا ہے اور اِس مرکز کے زیرانتظام علاقے میں حال ہی میں ختم ہوئے لوک سبھا انتخابات میں ووٹروں کی ریکارڈ تعداد میں ووٹ دیئے ہیں۔

صدر مرمو نے کہا کہ نئی حکومت پارلیمنٹ کے اِس اجلاس میں اپنا پہلا عام بجٹ پیش کرنے والی ہے جو اِس کی دور تک رسائی حاصل کرنے والی اور مستقبل کی پیش بینی پر مبنی پالیسیوں کے تعلق سے ایک موثر دستاویز ہوگا اور اصلاحات میں تیزی آئے گی۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے 10 برسوں میں ملک گیارھویں پوزیشن سے اوپر اٹھ کر پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے۔

خواتین کو بااختیار بنانے کے معاملے پر صدر موصوف نے کہا کہ خواتین کی قیادت والی ترقی کا ایک نیا عہد شروع ہوا جو کہ لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کی ریزرویشن کیلئے ناری شکتی وندن ادھینیم پر عمل آوری کی جانب اشارہ تھا۔

انھوں نے کہا کہ پچھلے 10 برسوں کے دوران چار کروڑ پی ایم آواس مکانات میں سے زیادہ تر مکان فیضیاب ہونے والی خواتین کو دیئے گئے ہیں۔

مسلح افواج کی جدید کاری کے بارے میں بات کرتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ پچھلے 10 برسوں میں دفاع کے شعبے میں کئی اصلاحات کی گئیں۔

صدر جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ پیپر لیک ہونے کے حالیہ معاملات میں حکومت منصفانہ تحقیقات کرانے کیلئے پوری طرح پابند عہد ہے اور انھوں نے یقین دلایا کہ قصورواروں کو سخت سزا دی جائے گی۔

انھوں نے کہا کہ پارٹی کی سیاست سے اوپر اُٹھنا ضروری ہے اور اِس طرح کے واقعات کو آئندہ ہونے سے روکنے کیلئے ملک گیر سطح پر ٹھوس اقدامات کئے جانے ضروری ہیں۔

صدر مرمو نے کہا کہ حکومت امتحانات سے متعلق اداروں، اُن کے کام کاج اور امتحانات کے عمل کے تمام پہلوؤں کے تعلق سے بڑی اصلاحات کے سلسلے میں کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کی حکومت ایک ایسے ماحول

کی تشکیل کیلئے کام کر رہی ہے جس میں ملک کے نوجوان بڑے بڑے خواب دیکھ سکیں اور اُنھیں حاصل کرسکیں۔

بھاتیہ نیایہ Sanhita کے بارے میں، جو اگلے ماہ کی پہلی تاریخ سے نافذ ہوجائے گی، بات چیت کرتے ہوئے صدر موصوف نے زور دے کر کہا کہ اب انصاف کو سزا پر ترجیح حاصل ہوگی جو کہ آئین کی روح کے عین مطابق ہے۔

S/B 2100 Prez 2 Laws

ممبران پارلیمنٹ کی ذمے داری کی جانب اشارہ کرتے ہوئے صدر موصوف نے وضاحت کی کہ پالیسیوں کی مخالفت اور پارلیمنٹ کے کام کاج میں رکاوٹ ڈالنا دو الگ الگ باتیں ہیں۔

صدر کے خطاب کے دوران اپوزیشن کے کچھ ممبران پارلیمنٹ نے NEET امتحان، منی پور کے تشدد اور دیگر معاملات پر شور وغل مچایا۔x

## PAR PROCEDING

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کی کاپی آج لوک سبھا میں پیش کی گئی۔ صدر جمہوریہ کے خطاب کے بعد آج دوپہر ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہونے پر ایوان میں یہ کاپی پیش کی گئی۔ اسپیکر اوم برلا نے اعلان کیا کہ کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی کو ایوان زیریں میں اپوزیشن لیڈر تسلیم کیا گیا ہے۔ اس کے بعد دن بھر کے لیے ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی گئی۔ صدر جمہوریہ کے خطاب کی کاپی راجیہ سبھا میں بھی پیش کی گئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے نو منتخبہ وزارتی کونسل کے وزیروں کا ایوانِ بالا میں تعارف پیش کیا۔

راجیہ سبھا چیئرمین جگدیپ دھنکڑ نے اعلان کیا کہ مرکزی وزیر جے پی نڈّا کو ایوان کا لیڈر مقرر کیا گیا۔ اس کے بعد ایوانِ بالا کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کر دی گئی۔x

## Murugan SenGOL

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے آج سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ آر-کے چودھری کی جانب سے Sengol پر کیے گئے تبصرے کی مذمت کی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، ڈاکٹر مروگن نے کہا کہ Sengol سب کے لیے انصاف کی علامت ہے۔ Sengol مساوات اور انصاف پر مبنی حکومت کا آئینہ دار ہے۔ اپوزیشن پر تنقید کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک کے لیڈر Sengol کا احترام نہیں کرتے اور ان کا رویہ قابل مذمت ہے۔

S/B Dr. L Murugan

اس سے پہلے سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ آر-کے چودھری نے پارلیمنٹ میں Sengol کی موجودگی پر سوال اٹھایا تھا۔x

## PM JDU PMS

جنتا دَل یونائٹیڈ کے بہار سے ممبر پارلیمنٹ کے ایک وفد نے آج وزیر اعظم نریندر مودی سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بہار میں BJP اور JDU کی مل کر کام کرنے اور خراب حکمرانی، بدعنوانی اور مجرمانہ کارروائیوں سے لڑنے کی طویل تاریخ رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت، بہار کو ترقی کی راہ پر لے گئی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں پارٹیاں اچھی حکمرانی کیلئے مل کر کام کرتی رہیں گی۔x

## Om Birla Opposition Meet

اپوزیشن لیڈروں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے چیمبر میں ان سے ملاقات کی۔ کانگریس کے لیڈر اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی، ٹی ایم سی کے رکن پارلیمنٹ کلیان بینرجی، NCP (شردپوار)، سپریا سولے، سماج وادی پارٹی کی ڈمپل یادو، آر جے ڈی کی میسا بھارتی اور دیگر لیڈر اس میٹنگ میں موجود تھے۔

## PM KEMPEGOWDA

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نادا پربھو Kempegowda کے یومِ پیدائش پر اُنھیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ ایک دور اندیش شخصیت تھے جو اپنی دور اندیشی اور انتظامی صلاحیتوں کی وجہ سے جانے جاتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ نادا پربھو Kempegowda اقتصادی خوشحالی، زراعت، آبپاشی اور کئی دوسری چیزوں کو فروغ دینے میں ایک معمار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نادا پربھو Kempegowda کی پرورش سے پروان چڑھا شہر بینگلورو اپنی ہمہ جہت صفات، توانائی اور اختراعات کی وجہ سے عالمی سطح پر پسند کیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نادا پربھو Kempegowda کے سماج کیلئے تصور کو پورا کرنے اور اُن کی پسندیدہ اقدار پر عمل کرنے کیلئے کام کرتی رہے گی۔x

## PM MANN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی اتوار کے روز صبح گیارہ بجے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام کے ذریعے ملک اور بیرونِ ملک افراد سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ اس ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 111 واں نشریہ ہوگا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے لگاتار تیسری مرتبہ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ پہلا نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک، آکاشوانی نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام آکاشوانی نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم دفتر اور وزارتِ اطلاعات و نشریات کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریہ کے فوری بعد آکاشوانی اس پروگرام کو مقامی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

**BJP PITRODA**

BJP نے آج Sam Pitroda کو کانگریس کے بیرونِ ملک امور کے سربراہ کے طور پر مقرر کئے جانے کے معاملے پر کانگریس پارٹی کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان شہزاد پونہ والا نے الزام لگایا کہ جناب Pitroda کو دوبارہ اِس عہدے پر مقرر کئے جانا اِس بات کی علامت ہے کہ جو کچھ انھوں نے اب تک کہا اور اُن کا جو موقف ہے، پارٹی اُس کی حمایت کرتی ہے۔

اِس سے قبل، جناب Pitroda نے کئی متنازع نسل پر مبنی بیانات دینے کے بعد پچھلے ماہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔x

**T-20 CRICKET WORLD CUP**

کرکٹ میں، گوانا میں مردوں کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کے دوسرے سیمی فائنل میں آج شام بھارت اور انگلینڈ کے مقابلہ بارش کی وجہ سے تاخیر سے شروع ہوگا۔

اس سے قبل انگلینڈ نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے 2.4 اوور میں 1 وکٹ پر 19 رن بنالئے تھے۔

اس سے قبل جنوبی افریقہ نے آج صبح Trinidad میں پہلے سیمی فائنل میں افغانستان کو 9 وکٹ سے بری طرح ہرایا۔

ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ Barbados میں ہفتے کو ہوگا۔

**HL**

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے اپنے خطاب کے دوران حکومت کی ترجیحات کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ گاؤں میں زرعی، ڈیری اور ماہی گیری پر مبنی صنعتوں کی توسیع ہو رہی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ نے یقین دلایا کہ حکومت مشرق کیلئے عمل آوری کی اپنی پالیسی کے تحت شمال مشرقی خطے کو ایک کلیدی گیٹ وے بنانے کیلئے کام کر رہی ہے۔

☆ CBI نے NEET-UG امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ جنوب مغربی مانسون گجرات میں شمالی بحرِ عرب کے باقی حصوں اور راجستھان، اترپردیش اور مدھیہ پردیش کی جانب مزید پیشرفت کر گیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں گوانا میں مردوں کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کے دوسرے سیمی فائنل میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان میچ جاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆